عالیہ سال اول

پرچہ نمبر ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنة باکستان

الشہادة العالیة "السنة الأولیٰ" للطلاب الموافق سنة ۱۴۳۷ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات

پہلا پرچہ: تفسیر واصول تفسیر

مجموع الأرقام: ۱۰۰

سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ... تفسیر

سوال نمبر 1:۔ الرحمٰن علم من شاء القرأن خلق الانسان أی الجنس علمه البیان النطق الشمس و القمر بحسبان بحساب یجریان و النجم مالا ساق له من النبات و الشجر ماله ساق یسجدان یخضعان بمایراد منهما

(۱) کلام باری تعالیٰ وکلام مفسر کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) اغراض مفسر سپرد قلم کریں نیز بتائیں کہ لفظ "رحمن" ترکیب میں کیا واقع ہو سکتا ہے؟ کوئی دو صورتیں بیان کریں۔ ۱۰

(۳) مذکورہ سورت کے کتنے اور کون کونسے اسماء ہیں؟ وجہ تسمیہ بھی سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۴) لفظ حسبان مفرد ہے یا جمع؟ وضاحت کرنے کے بعد مصنف کے مختار قول کی نشاندہی کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔ لقد صدق اللہ رسوله الرؤیا بالحق

(۱) کلام باری تعالیٰ میں جس خواب کا ذکر ہے اس کی وضاحت کریں، نیز آیت مبارکہ کا شان نزول جلالین کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۰

(۲) خط کشیدہ لفظ کا ماقبل اور مابعد سے نحوی تعلق واضح کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 3:۔ والسماء ذات البروج للکواکب اثناعشر برجا تقدمت فی الفرقان و الیوم الموعود یوم القیامة وشاهد یوم الجمعة ومشهود یوم عرفة کذا فسرت الثلاثة فی الحدیث فالاول موعود به والثانی شاهد بالعمل فیه والثالث یشهده الناس والملائكة۔

(۱) کلام باری تعالیٰ وکلام مفسر کا ترجمہ تحریر کریں، نیز سورت کا شان نزول ذکر کرنے کے بعد بروج کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(۲) اصحاب اخدود کا واقعہ تفصیلاً تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 4:۔ انا أعطینک یا محمد الکوثر

(۱) سورة الکوثر کا سبب نزول بیان کریں۔ نیز بتائیں یہ سورۂ مبارکہ کس موقع پر نازل ہوئی؟ ۱۰

(۲) کوثر کے معانی جلالین کی روشنی میں بیان کریں نیز "ان شانئک هو الابتر" کی تشریح وتوضیح سپرد قلم کریں۔ ۱۰

القسم الثانی ... اصول تفسیر

سوال نمبر 5:۔ کسی دو اجزاء کا جواب دیں۔

(۱) فہم قرآن میں دشواریوں کے اسباب سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) قرآنی آیات اور اشعار میں فرق تحریر کریں۔ ۱۰

(۳) ناسخ ومنسوخ میں اختلاف کی وجوہات قلمبند کریں۔ ۱۰

عالیہ سال اول

پرچہ نمبر 2

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف **تنظیم المدارس** أہل السنة باکستان

الشہادة العالیة "السنة الأولٰی" للطلاب الموافق سنة ۱۴۳۷ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات

دوسرا پرچہ: حدیث واصول حدیث

مجموع الأرقام: ۱۰۰

سوال نمبر 4 اور 5 لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ۔۔۔۔۔۔۔ حدیث

سوال نمبر 1: ۔ عن انس قال قلما خطبنا رسول اللہ ﷺ الا قال لا ایمان لمن لا امانۃ لہ ولا دین لمن لا عہد لہ

(۱) خط کشیدہ لفظ کی صرفی ونحوی تحقیق قلمبند کریں۔ ۵

(۲) حدیث رسول ﷺ پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۳) حدیث میں حقیقت ایمان ودین کی نفی ہے یا کمال کی؟ اپنا موقف مع الدلائل سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: ۔ عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ ﷺ لا حسد الا فی اثنین رجل أتاہ اللہ مالا فسلطہ علی ہلکتہ فی الحق ورجل أتاہ اللہ الحکمۃ فھو یقضی بہا ویعلمہا

(۱) حدیث کا ترجمہ سپرد قلم کریں۔ ۵

(۲) حسد اور غبطہ کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ یہاں لفظ حسد کیوں استعمال فرمایا؟ ۱۰

(۳) لفظ "رجل" پر کون کونسا اعراب پڑھا جاسکتا ہے؟ وجہ ضرور تحریر فرمائیں۔ ۱۰

سوال نمبر 3: ۔ عن ابن مسعود أن رسول اللہ ﷺ قال کنت نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا فانہا تزھد فی الدنیا وتذکر الأخرۃ

(۱) حدیث کا ترجمہ وتشریح کریں۔ ۱۰

(۲) عورتوں کا قبرستان جانا کیسا ہے؟ اس بارے میں ایک مختصر مگر جامع نوٹ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4: ۔ عن ابی جحیفة أن النبی ﷺ نہی عن ثمن الدم وثمن الکلب وکسب البغی ولعن أکل الربو وموکلہ والواشمة والمستوشمة والمصور۔

(۱) مذکور حدیث کا ترجمہ تحریر کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی تشریح وتوضیح قلمبند کریں۔ ۱۵

(۲) بیع مزابنہ، بیع مخابرہ، بیع محاقلہ اور بیع عرایا میں سے تین کی تعریف وحکم سپرد قلم کریں۔ ۱۵

القسم الثانی ۔۔۔۔۔۔۔ اصول حدیث

سوال نمبر 5: ۔ کوئی دو اجزاء کا حل مطلوب ہے۔

(۱) متصل، منقطع، معلق اور مرسل میں سے کسی دو کی تعریف ووجہ تسمیہ تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) مضطرب اور متابع کی تعریفات بیان کریں۔ ۱۰

(۳) متفق علیہ کی وضاحت کریں نیز کل متفق علیہ احادیث کی تعداد سپرد قلم کریں۔ ۱۰

عالیہ سال اول

پرچہ نمبر 3

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس لأہل السنۃ باکستان

الشہادة العالیة "السنة الأولیٰ" للطلاب الموافق سنة ۱۴۳۷ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات

تیسرا پرچہ: اصول فقہ

مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی تین میں سے دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔

القیاس وھو یشتمل علی بیان نفس القیاس ورکنه وحکمه ودفعه

(۱) قیاس کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں اور صاحب حسامی نے قیاس کے لغوی معنی میں جو مطابقت بیان کی ہے اسے تحریر کریں۔ ۱۷

(۲) قیاس کی کتنی شرائط عدمی ہیں اور کتنی وجودی؟ نیز حسامی کی روشنی میں عدمی شرائط مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۷

سوال نمبر 2:۔ (۱) رکن کا لغوی واصطلاحی معنی اور قیاس کا رکن لکھیں نیز بتائیں کہ وصف صالح اور وصف معدل سے کیا مراد ہے؟ ۱۶

(۲) استحسان کا لغوی وشرعی معنی قلمبند کریں نیز استحسان بالاجماع اور استحسان بالضرورۃ کو مثالیں دے کر واضح کریں۔ ۱۷

سوال نمبر 3:۔ اما المعارضة التی فیها مناقضة فالقلب وھو نوعان

(۱) قلب کا لغوی واصطلاحی معنی لکھیں نیز بتائیں کہ قلب کی نوع اول کس محل میں صحیح ہوتی ہے۔

اور نوع ثانی کے تحقق کیلئے کیا امر ضروری ہے؟ ۱۶

(۲) قلب کی دونوں انواع، ان کا ماخوذ منہ اور امثلہ سپرد قلم کریں۔ ۱۷

سوال نمبر 4 (۱) احکام مشروعہ کے متعلقات کتنے اور کون کونسے ہیں نیز سبب کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ ۱۶

(۲) اما العلة فھی فی الشریعة عبارة عما یضاف الیه وجوب الحکم ابتداء

علت کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کرنے کے بعد خط کشیدہ قیود کے فوائد زینت قرطاس کریں۔ ۱۷

پرچہ نمبر 4

عالیہ سال اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس لأہل السنۃ باکستان

الشهادة العالية "السنة الأولٰى" للطلاب الموافق سنة ۱۴۳۷ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات

چوتھا پرچہ: فقہ

مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی تین میں سے دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ واذا طلق الرجل امرأته طلاقا بائنا أو رجعيا لم يجز له أن يتزوج باختها حتى تنقضي عدتها

(۱) عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) مذکورہ مسئلہ میں اختلاف ائمہ مع الدلائل قلمبند کریں۔ ۱۵

(۳) حالت احرام میں نکاح کے بارے میں اختلاف ائمہ مع الدلائل تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔ واذا اختلط لبن امرأتين تعلق التحريم باغلبهما

(۱) رضاع کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔ ۱۰

(۲) مذکورہ مسئلہ میں اختلاف ائمہ مع الدلائل قلمبند کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 3:۔ الايمان على ثلثة أضرب اليمين الغموس ويمين منعقدة ويمين لغو

(۱) یمین کی اقسام ثلاثہ کی تعریف کرنے کے بعد غموس کی وجہ تسمیہ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) کفارۂ یمین کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 4:۔ اذا قذف الرجل امرأته بالزنا وهما من اهل الشهادة والمرأة ممن يحد قاذفها او نفى نسب ولدها وطالبته بموجب القذف فعليه اللعان۔

(۱) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) لعان کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کریں۔ ۱۰

(۳) غلام، کافر یا محدود فی القذف خاوند، اگر اپنی بیوی پر تہمت لگائے تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ بالدلیل سپرد قلم کریں۔ ۱۰

پرچہ نمبر 5

عالیہ سال اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف **تنظیم المدارس** لأہل السنة باکستان

الشہادة العالیة "السنة الأولیٰ" للطلاب الموافق سنة ۱۴۳۷ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات

پانچواں پرچہ: عربی ادب وبلاغت

مجموع الأرقام: ۱۰۰

القسم الاول کے دونوں جبکہ القسم الثانی سے کوئی دو سوال حل کریں۔

القسم الاول۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عربی ادب

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کا ترجمہ کریں۔ ۵x۸=۴۰

(۱) قال لما اقتعدت غارب الاغتراب و انأتنی المتربة عن الاتراب طوحت بی طوائح الزمن الی صنعاء الیمن۔

(۲) فزفر زفرة القیظ و کاد یتمیز من الغیظ و لم یزل یحملق الی حتی خفت ان یسطو علی۔

(۳) فلما أبت من غربتی الی منبت شعبتی حضرت دار کتبها التی ہی منتدی المتأدبین و ملتقی القاطنین منہم و المتغربین۔

(۴) فلما رأیت تلہب جذوته و تالق جلوته امعنت النظر فی توسمه و سرحت الطرف فی میسمه۔

(۵) فما زال به قطوب الخطوب و حروب الکروب و شرر شر الحسود و انتیاب النوب السود حتی صفرت الراحة

(۶) فقلت کیف حالک و الحوادث فقال اتقلب فی الحالین بؤس و رخاء و انقلب مع الریحین زعزع و رخاء

(۷) احتمل الخلیط و لو ابدی التخلیط و او د الحمیم و لو جرعنی الحمیم و افضل الشفیق علی الشقیق۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰

(۱) فَوْلَجْتُ (۲) تَنْتَہِکُ (۳) مُطَاوِعَةٌ (۴) جَدَحْتُ (۵) تَوَجَّسَ (۶) الشَّوَائِبُ (۷) إِسْتَطَبْنَا (۸) يَنَافَسُ

القسم الثانی۔۔۔۔۔۔۔۔بلاغت

سوال نمبر 3:۔ (۱) تنافر کی تعریف کرتے ہوئے درج ذیل شعر کا ترجمہ کریں اور اس میں تنافر کی نشاندہی فرمائیں۔ ۱۲

غدائرہ مستشزرات الی العلی تضل العقاص فی مثنی و مرسل

(۲) اگر مستشزرات کی بجائے مستشرف ہوتا تو کیا ثقل زائل ہو سکتا تھا؟ مختصر المعانی کی روشنی میں جواب دیں۔ ۱۳

سوال نمبر 4:۔ (۱) يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا کی تشریح اس انداز سے کریں کہ واضح ہو جائے یہ کس کی مثال ہے، نیز مشل لہ کی تعریف کریں۔ ۱۲

(۲) قصر کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کرنے کے بعد "قصر الموصوف علی الصفة" اور "قصر الصفة علی الموصوف" کی وضاحت کریں۔ ۱۳

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ اصطلاحات کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ ۲۵

التمنی، النداء، فصل، وصل، تذنیب، التوشیع، التذییل، الاعتراض

پرچہ نمبر 6

عالیہ سال اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاختبار السنوی النہائی تحت إشراف تنظیم المدارس لأہل السنة باکستان

الشهادة العالیة "السنة الأُولٰی" للطلاب الموافق سنة ۱۴۳۷ ھ 2016ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات

چھٹا پرچہ: عقائد و منطق

مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول ـــ العقائد

سوال نمبر 1:۔ وأفضل البشر بعد نبینا علیه السلام أبو بکر الصدیق، ثم عمر الفاروق، ثم عثمان ذو النورین،

ثم علی رضی اللہ عنهم و خلافتهم علی هذا الترتیب أیضا۔

(۱) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) خلافت کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر 2:۔ (۱) توسل کا مطلب کیا ہے؟ تشریح و توضیح سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) انبیاء و اولیاء سے توسل کا کیا حکم ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔ (۱) میلاد شریف منانے اور اس کیلئے اجتماع کا کیا حکم ہے؟ ۱۰

(۲) بدعت حسنہ اور بدعت قبیحہ کی تعریف و توضیح زینت قرطاس کریں۔ ۱۵

القسم الثانی ـــ منطق

سوال نمبر 4:۔ وهو حصول صورة الشیء فی العقل اشارة الی تعریف مطلق التصور دون تصور فقط

(۱) مذکورہ عبارت کا ترجمہ و تشریح سپرد قلم کریں۔ ۵

(۲) "ھو" ضمیر کا مرجع تصور فقط ہو سکتا ہے یا نہیں؟ نیز اسکی وجہ تفصیلاً تحریر کریں۔ ۱۰

(۳) یہاں تصور فقط کی تعریف کی جانی چاہیے تھی کیونکہ ماقبل میں وہی مذکور ہے لیکن مصنف نے ایسا نہیں کیا؟ آپ اس عدول کی وجہ لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر 5:۔ وان لم تتساو الافراد بل کان حصوله فی بعضها اولی واقدم واشد من البعض الأخر یسمی مشککا

(۱) سلیس اردو میں ترجمہ و تشریح سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) تشکیک کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ قطبی کی روشنی میں تمام کی وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 6:۔ اقول کما أن الانواع الاضافیة قد تترتب متنازلة کذلک الاجناس ایضا قد تترتب متصاعدة

حتی یکون جنس فوقه جنس اخر

(۱) عبارت کا ترجمہ و تشریح سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) جنس اور اسکی اقسام کی تعریفات و امثلہ قطبی کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۵